### ایلیمنٹری اسکول کے اعلیٰ درجے کے تعلیمی پروگراموں (AAP) کی خدمات کا سلسلہ

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) گریڈ K-12 کے تمام طلباء کو تسلسل کے ساتھ اعلیٰ سطح کے تعلیمی پروگراموں کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ تعلیمی تجربات، ورجینیا کے اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOLs) کی افزودگی، سرعت اور توسیع کے ذریعے، اعلیٰ سطح کی سوچ کو فروغ دینے کے لیئے، تشکیل دیئے گئے ہیں۔ اساتذہ، منتظمین اور اعلیٰ تعلیمی ذرائع کے اساتذہ (AARTs) ایلیمنٹری سطح پر، درج ذیل لیول کی خدمات فراہم کرنے کے لیئے، ایک ساتھ مل کر کام کرتے ہیں: ہر لیول کی خدمات سے متعلق، دکھائی جانے والی ایک عملی ویڈیو اور اس کے علاوہ مڈل اور ہائی اسکول کی خدمات کے بارے میں معلومات، اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔https://www.fcps.edu/academics/elementary-school-academics-k-6/advanced-academics.

- **تنقیدی اور تخلیقی انداز فکر کے اسباق، گریڈ K-6 (لیول I )**

لیول I کی خدمات کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 6 تک کے طلباء کو، فراہم کی جاتی ہیں۔ لیول I کی خدمات میں طلباء کو مواد سمجھنے کے لیئے، تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی مہارتیں استعمال کرنے کی تعلیم شامل ہے۔ اس میں پورے تعلیمی سال کے دوران، اعلی تعلیمی نصاب کو، وقفے وقفے سے استعمال کرنے کے مواقع بھی شامل ہیں۔ ان اسباق کو طالب علم جس طرح استعمال کرتےہیں، اسے II-IV کی سطح کی شناخت کے عمل کے دوران، ایک جزو کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ والدین گھرانے کے ساتھ، گفتگو اور سرگرمیوں کے دوران، نو حکمت عملیوں پر عمل درآمد کر سکتے ہیں۔ غور و فکر کرنے کے 9 تنقیدی اور تخلیقی طریقوں کی تفصیل اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے https://www.fcps.edu/academics/elementary-school-academics-k-6/advanced-academics/critical-and-creative-thinking.

چونکہ لیول I کی خدمات FCPS کے تمام طلباء کے لیئے، فراہم کی جاتی ہیں اس کے لیئے، جانچ کا کوئی عمل نہیں ہے۔

- **تعلیمی پختگی کے شعبوں میں امتیازی اسباق، گریڈ K-6 (لیول II)**

لیول II کی خدمات کنڈرگارٹن سے گریڈ 6 تک کے ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہیں جو کسی مخصوص شعبے میں مضبوطی رکھتے ہیں۔ لیولII-IV کے لیئے، AAP کے نصاب کے فریم ورک سے لیا ہوا مواد استعمال کرتے ہوئے اضافی چیلنجز فراہم کرنے کی غرض سےAART ، کلاس روم ٹیچر کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ اس شعبے کی مضبوطی میں اضافہ اور توسیع کی جا سکے۔ اس لیول کی خدمات کے لیئے، کی جانے والی جانچ پورے تعلیمی سال کے دوران جاری رہتی ہے ۔ اس سطح کی خدمات کے لیئے، جانچ کے مختلف معیارات کا استعمال کیا جاتا ہے اور اسکول کی سطح پر فیصلے کیئے جاتے ہیں۔

اپنے بچے کو لیول II کی خدمات کی جانچ کروانے کے لیئے، AAP اسکول بیسڈ ریفرل فارم مکمل کریں، جو فارم پیج پر دستیاب ہے: .https://www.fcps.edu/node/38893

- **پارٹ - ٹائم اعلیٰ تعلیمی پروگرام، گریڈ 3-6 (لیول III)**

لیول III کی خدمات گریڈ 3-6 تک کے ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہیں جو AART کی جانب سے فراہم کردہ براہ راست پارٹ ٹائم خدمات حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ اسکریننگ کمیٹی کی طرف سے مقامی اسکول میں طلباء کی شناخت کی جاتی ہے۔ AART ، چار بنیادی شعبوں میں لیول II-IV کے لیئے، AAP کے نصاب کے فریم ورک سے لیا گیا مواد استعمال کرتے ہیں اور اس کے لیئے، ہر ہفتے ایک الگ کلاس تشکیل دی جاتی ہے یا کلاس روم ٹیچر کے ساتھ مل کے ہر ہفتے پڑھایا جاتا ہے۔ اس لیول کی خدمات کے لیئے، کی جانے والی جانچ پورے تعلیمی سال کے دوران جاری رہتی ہے۔ اس سطح کی خدمات کے لیئے، جانچ کے مختلف معیارات کا استعمال کیا جاتا ہے اور اسکول کی سطح پر فیصلے کیئے جاتے ہیں۔

اپنے بچے کو لیول III کی خدمات کی جانچ کروانے کے لیئے، AAP اسکول بیسڈ ریفرل فارم مکمل کریں، جو فارم پیج پر دستیاب ہے: .https://www.fcps.edu/node/38893

- **فل- ٹائم اعلیٰ تعلیمی پروگرام، گریڈ 3-8 (لیول IV)**

لیول IV کی خدمات گریڈ 3-8 کے ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہیں جو ایک مرکزی انتخابی عمل کے ذریعے اہل قرار دیئے جاتے ہیں۔ اہل طلباء فل ٹائم کی بنیاد پر، چار بنیادی شعبوں میں AAP کے نصاب کے فریم ورک سے لیا گیا مواد استعمال کرتے ہیں۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے تمام ایڈوانسڈ اکیڈمک پروگراموں کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے، مختلف معیارات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ کاؤنٹی بھر کی مرکزی انتخابی کمیٹی فل ٹائم AAP لیول IV میں داخلے کی اہلیت کا تعین کرتی ہے ۔

لیول ، کے لیئے فراہم کی جانے والی جانچ اسکریننگ کے مخصوص عرصے میں کی جاتی ہے۔

- موسم خزاں میں کی جانے والی اسکریننگ ان طلباء کے لیئے ،منعقد کی جاتی ہے جو FCPS میں نئے داخل ہوتے ہیں اور جن کے لیئے حوالہ دیا جاتا ہے۔
- موسم بہار میں کی جانے والی اسکریننگ FCPS میں داخل ہر اس طالب علم کے لیئے منعقد کی جاتی ہے جس کے لیئے حوالہ دیا جاتا ہے۔

لیول IV کی خدمات کے لیئے، کی جانے والی اسکریننگ کی زیادہ تعداد کی وجہ سے، آخری تاریخوں پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔

- ریفرل فارم، ریفرل جمع کرانے کے عرصے کے دوران جمع کرایا جا سکتا ہے (اسکول کے پہلے دن سے لے کر شائع کردہ آخری تاریخ تک)۔
- FCPS میں آنے والے، نئے طلباء کو، خزاں اور بہار کی سکرینگ کے لیئے، زیرغور رکھا جا سکتا ہے۔
- ریفرل فارم، فارم پیج پر دستیاب ہے۔: https://www.fcps.edu/node/38893

اسکریننگ کے مجموعی عمل کے بارے میں، اضافی معلومات اور اسکریننگ کے لیئے، استعمال کی جانے والی معلومات اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں https://www.fcps.edu/registration/advanced-academics-identification-and-placement/current-fcps-students.

**مڈل اور ہائی اسکول AAP**

مڈل اور ہائی اسکول میں فراہم کی جانے والی خدمات سے متعلق، اضافی معلومات اعلیٰ درجے کے تعلیمی پروگراموں کے ویب پیج پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں:

- مڈل اسکول: https://www.fcps.edu/academics/middle-school-academics-7-8/advanced-academics
- ہائی اسکول: https://www.fcps.edu/academics/high-school-academics-9-12/advanced-academics

**ایلیمنٹری اسکول کے والدین کے لیئے، ایک معلوماتی اجلاس**

مقامی اسکولوں میں والدین کے لیئے، دو معلومات اجلاس منعقد کیئے جائیں گے۔ <date> کو، <time> بجے، <local school name> میں، خدمات کی مسلسل فراہمی سے متعلق، ایک میٹنگ منعقد کی جائے گی۔ پارٹ ٹائم اسکول بیسڈ اور فل ٹائم لیول IV کی خدمات کی سکرینگ سے متعلق، وضاحت اور سوالوں کے جواب دینے کے لیئے، ایک دوسری میٹنگ منعقد کی جائے گی۔

**Ability Testing (صلاحیت کی جانچ)**

صلاحیت کی جانچ سے متعلق، حالیہ ترین معلومات کے لیئے، براہ مہربانی ٹیسٹنگ اور شناخت کی ٹائم لائن پر تشریف لے جائیں https://www.fcps.edu/registration/advanced-academics-identification-and-placement/current-fcps-students/testing-and.

لیول IV سکرینگ کی کاروائی کے لیئے، طلباء کے پاس صلاحیت کی جانچ کا ایک سکور ہونا لازمی ہے۔